بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نگران: ملک منصور احمد عمر
مدیر: شمس الحق

ماہنامہ مغربی جرمنی

# اخبار احمدیہ

ہجرت ۱۳۶۴ ہش
مئی ۱۹۸۵ء



## مغربی جرمنی کی جماعتوں اور احباب کیلئے

برادران !

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

① سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے علم میں جب یہ امر آیا کہ مغربی جرمنی میں عقیقہ اور آمین کے مواقع پر اس کثرت کے ساتھ تحائف دیئے اور لئے جاتے ہیں کہ بعض اوقات حیثیت سے بڑھکر تحائف دیئے جاتے ہیں نیز بعض تحائف وصول کرنے والے ان کے منتظر ہوتے ہیں۔ اسپر حضور اقدس نے ارشاد فرمایا ہے کہ ان بد رسوم کو ختم کرنے کیلئے آئندہ مغربی جرمنی میں عقیقہ اور آمین کے مواقع پر کوئی تحفہ نہ دیا جائے اور نہ وصول کیا جائے۔

② خدا تعالیٰ کے فضل سے رمضان المبارک 21 / ہجرت 1364 ہش، مئی 1985ء سے شروع ہو رہا ہے۔ اس بابرکت مہینہ سے پورے طور پر مستفیض ہونے کیلئے سب احباب و خواتین کمربستہ ہو جائیں۔ روزے رکھیں۔ نمازیں ادا کریں۔ قرآن مجید کی تلاوت کریں۔ صدقہ و خیرات دیں اور راتوں کو اٹھکر کثرت سے دعائیں کریں کہ اللہ تعالیٰ ساری دنیا کو ہدایت دے۔ پاکستان میں ہمارے بھائیوں اور بہنوں کا خدا تعالیٰ حافظ و ناصر ہو۔ اور مغربی جرمنی جلد حلقہ بگوشِ اسلام ہو۔ آمین۔

③ مغربی جرمنی میں امسال ایک ہزار بیعتوں کا ٹارگٹ پورا کرنے کا حل یہ ہے کہ ہر فردِ جماعت کم از کم ایک جرمن کے ساتھ ذاتی قریبی رابطہ قائم کرے۔ اپنے عمدہ نمونہ۔ اخلاق۔ دعاؤں اور حکمت کے ساتھ تبلیغ کے ذریعہ اسکے دل میں اسلام کی محبت ڈالنے میں سرگرمِ عمل ہو جائے۔ حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں زیرِ تبلیغ دوستوں کا نام لکھ کر باقاعدگی کے ساتھ دعا کی درخواست کرتے رہنا ہرگز نہ بھولیں۔ اسی برکت سے سعید روحیں حق قبول کریں گی۔ وباللہ التوفیق۔

④ رمضان المبارک کے بابرکت مہینہ میں خاکسار روزانہ بعد نمازِ عصر مسجد نور فرنکفرٹ میں ایک گھنٹہ کیلئے قرآن مجید کے ایک پارہ کا درس دیا کرے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ پورے مہینہ میں قرآن مجید کا ایک مکمل دور ہوگا۔ بالخصوص فرنکفرٹ کے زیادہ سے زیادہ احباب و خواتین اور بچے فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں۔ (نمازِ عصر کا وقت ½5 بجے ہے)

(جاری)

Nuur-Moschee · Babenhäuser Landstr. 25 · 6000 Frankfurt/M. 70 · Tel.: 06 9 /681485
Telex 416187 islam d · Telegramm-Adresse: »ISLAM« Frankfurt/Main

⑤ بعد نمازِ عصر درس القرآن کے اختتام پر پندرہ منٹ کیلئے تعلیم القرآن کی کلاس ہوا کرے گی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ جس میں خاکسار قرآن مجید کا ترجمہ اس طور پر سکھلانے کی کوشش کریگا کہ جو احباب وخواتین باقاعدگی کے ساتھ اس کلاس میں شمولیت اختیار کریں گے اُمید کی جاتی ہے کہ وہ ایک ماہ کے بعد ترجمہ میں کافی مہارت پیدا کرلیں گے اور کوشش کی جائیگی کہ وہ بعد میں خود بخود مکمل قرآن مجید کا ترجمہ سیکھنے کے قابل ہوجائیں ۔ عربی لغت ۔ گرائمر اور ترجمہ کے اُصول سکھلائے جائیں گے۔ وباللہ التوفیق۔

⑥ مغربی جرمنی کی جملہ جماعتوں کو چار مشنز (فرنکفرٹ ۔ ھمبرگ ۔ کولن اور میونخ) میں تقسیم کردیا گیا ہے۔ فرنکفرٹ میں نیشنل مجلس عاملہ قائم ہے اور ہر مشن میں ایک علاقائی مجلس عاملہ بھی قائم کردی گئی ہے۔ ہر جماعت میں لوکل مجلس عاملہ پہلے سے کام کررہی ہے۔ نیشنل اور علاقائی سیکرٹریان کا فرض ہے کہ وہ متعلقہ لوکل سیکرٹریان سے رابطہ رکھیں اور اپنے اپنے شعبوں کے کام کو باحسن سرانجام دینے کی کوشش کریں۔

⑦ مغربی جرمنی کا دسواں جلسہ سالانہ خدا تعالیٰ کے فضل سے 23-22 احسان/جون 1364 ھش/1985ء کو منعقد ہورہا ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ یہ جلسہ فرنکفرٹ سے قریب نئے مشن Gross-Gerau میں منعقد ہوگا۔ ہر ملک کا جلسہ سالانہ دراصل اُس مرکزی جلسہ سالانہ کا ظلّ ہے جسکی بنیاد حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے خدا تعالیٰ کے اذن سے رکھی۔ لہذا اس جلسہ میں بھی کثرت کے ساتھ شامل ہوکر الٰہی برکات سے حصہ پائیں۔ جلسہ سالانہ کا پروگرام اخبار احمدیہ کے اس شمارہ میں پیش ہے۔
خدا تعالیٰ آپ سب کے ساتھ ہو۔ آمین

والسلام
خاکسار
ملک منصور احمد عمر
(مشنری انچارج مغربی جرمنی)

18.5.1364/1985

# روحانی خزائن کا سیٹ 46 جلدوں میں

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی مکمل کتب (تصنیفات ۔ ملفوظات ۔ اشتہارات) اور تفسیر کبیر کی جملہ جلدیں لندن سے شائع کی جارہی ہیں۔ پہلی 11 جلدیں مکمل ہوکر آگئی ہیں ۔ ایک سیٹ کی قیمت 600 جرمن مارک رکھی گئی ہے۔ اس سے قبل قیمت اندازاً 550 مارک رکھی گئی تھی۔ اب پونڈ کی قیمت میں کمی وبیشی کو مدنظر رکھتے ہوئے 50 مارک بڑھادیئے گئے ہیں۔ جن دوستوں نے 550 مارک کے حساب سے رقم جمع کروائی ہے۔ وہ 50 مارک مزید بھجوا دیں۔
اگر کوئی دوست یکمشت ادائیگی کی استطاعت نہیں رکھتے تو وہ اقساط میں ادائیگی کرسکتے ہیں۔ جن دوستوں کو یہ سیٹ درکار ہو اور انہوں نے ابھی تک آرڈر نہیں بھجوایا وہ اپنی جماعت کے صدر صاحب کی معرفت اپنے اسماء اور رقوم جلد بھجوادیں۔

46 جلدوں کی تقسیم یہ ہے:-

| | | | |
|---|---|---|---|
| تصنیفات حضرت مسیح موعودؑ | 23 جلدیں | اشتہارات | 3 جلدیں |
| ملفوظات | 10 جلدیں | تفسیر کبیر (حضرت مصلح موعودؓ) | 10 جلدیں |

(سیکرٹری تعلیم وتربیت مغربی جرمنی)

# مغربی جرمنی کے چار مشنز اور جماعتیں

مغربی جرمنی کے چاروں مشنز کے تحت درج ذیل جماعتیں ہونگی ۔ فرنکفرٹ مشن مغربی جرمنی کے جملہ مشنز اور جماعتوں کا مرکز ہے ۔

**مغربی جرمنی کی کُل جماعتیں = 104**

## I فرنکفرٹ مشن

مشنری انچارج مغربی جرمنی :- مکرم ملک منصور احمد صاحب عمر

1- Dietzenbach. 2-Eschersheim. 3- Höchst. 4- Mörfelden. 5- Offenbach.

6- Rödelheim. 7- Sachsenhausen. 8- Zoo. 9- Bad Nauheim. 10- Bad Neustadt.

11- Frankenthal. 12- Gross- Umstadt. 13- Giessen. 14- Heidelberg. 15-Mainz.

16- Ingelheim/RH. 17- Kaiserslautern. 18- Mannheim. 19- Niederzeuzheim.

20- Neuhof. 21- Nauheim. 22- Saarlouis. 23- Schwalbach. 24- Schöneck.

25- Solms. 26-Bürstadt. 27- Weisenheim. 28- Würzburg. 29- Homburg. 30-Idar-Oberstein.

## II ہمبرگ مشن

مبلغ :- مکرم مولانا لئیق احمد صاحب منیر

1- Mochee. 2- Altona. 3- Dillstr. 4- Kroonhorst. 5- Harburg. 6- Pinneberg.

7- Knabeweg. 8- Norderstedt. 9- Wandsbeck. 10. Kiel. 11- Itzehoe. 12. Bremen.

13- Westerhorn. 14- Bad Segeberg. 15-Berlin. 16- Hannover. 17- Celle.

18- Emmerthal. 19- Amöneburg. 20- Emstall. 21- Gutlethe. 22. Göttingen.

23- Schneverdingen. 24- Bad Oldesloe. 25- Kappeln.

## III کولون مشن

مبلغ :- مکرم مولانا بشارت احمد صاحب محمود

1- Aachen. 2- Daun. 3- Euskirchen. 4- Hamm.5-Gummersbach.6-Trier. 7-Schwelm.

8- Koblenz. 9- Kirchhundem. 10- Leichlingen. 11- Meschede. 12- Menden 13- Radevormwald.

14- Bielefeld. 15-Herford 16-Ratingen.17-Soest.18-Borken.19-Schermbeek

20-Bochum.21-Datteln.22-Gelsenkirchen.23-Kempen.24-Münster.25-Meerbuch.

26-Dorsten.27-Dülmen.28-Osnabrück.29-Bergischglad Bach.30-Meschnich

31-Ostheim.32-Unicenter.33-Zentrum.

## IV میونخ مشن

مبلغ :- مکرم مولانا عبدالباسط طارق صاحب

1- Augsburg. 2- Bietigheim. 3- Balingen. 4- Crailsheim. 5-Heilbornn. 6-Kempten.

7- Karlsruhe. 8- München. 9- Massing. 10- Nürnberg. 11. Neuburg. 12. Stuttgart.

13- Schönberg. 14- Sindelfingen. 15- Mainburg. 16-Breitenberg.

# رمضان المبارک کی برکات

رمضان کا مہینہ وہ مقدس مہینہ ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو پہلی وحی نازل ہوئی۔ رمضان کے روزوں کا آسمانی برکات سے گہرا تعلق ہے۔ اس ماہ کو قبولیت دعا سے خاص جوڑ ہے گویا رمضان کا مہینہ روحانی بہار کا موسم ہے۔ رمضان المبارک کا بابرکت مہینہ اپنے دامن میں بہت سی روحانی نعماء اور برکات لیکر آرہا ہے۔ احباب جماعت حسب توفیق و استطاعت ان برکات سے اپنی جھولیاں بھرلیں اور دوران سال ہونیوالی کوتاہیوں اور غلطیوں کا ازالہ کرنے کی کوشش کریں اور نیکیوں کے میدان میں سبقت لیجانے کیلئے بھرپور جدوجہد کریں۔ جو شخص صدق دل سے رمضان المبارک کی برکات سے حصہ لینے کا ارادہ کرتا ہے اور دعا میں معروف رہتا ہے اللہ تعالے اُسے توفیق عطاء فرماتا ہے کہ وہ اس بابرکت ماہ میں نوافل، تلاوت، صدقہ وخیرات اور دیگر نیکیوں سے وافر حصہ پائے البتہ بہانہ جو شخص برکات سے محروم رہتا ہے۔ خدا کرے ہم میں سے ہر ایک رمضان کی برکتوں سے وافر حصہ پانے والا ہو اور اسے اُن عبادات اور مجاہدات کی توفیق ملے جن کا تقاضا رمضان المبارک ہم سے کرتا ہے اور جسکے نتیجہ میں روح کو ایک نئی زندگی اور بالیدگی ملتی ہے۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ:۔ مَنْ قَامَ رَمَضَانَ اِیْمَانًا وَّاحْتِسَابًا غُفِرَلَہٗ مَاتَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ۔ (بخاری کتاب الصوم) یعنی جو شخص ایمان کے تقاضے اور ثواب کی نیت سے رات کو اُٹھ کر نماز پڑھتا ہے اور روزے رکھتا ہے اُسکے گذشتہ گناہ معاف کردیئے جاتے ہیں۔ حضرتؑ بانیٔ سلسلہ احمدیہ فرماتے ہیں:۔ "حدیث شریف میں آتا ہے کہ دو آدمی بڑے بدقسمت ہیں ایک وہ جس نے رمضان پایا اور رمضان گذر گیا اور اُسکے گناہ بخشے نہ گئے دوسرا وہ جس نے والدین کو پایا اور والدین گذر گئے اور اُس کے گناہ بخشے نہ گئے" (مجموعہ فتاوی احمدیہ جلد اول ص ۱۸۲)

نیز آپؑ فرماتے ہیں:۔

"میری تو یہ حالت ہے کہ مرنے کے قریب ہو جاؤں تو روزہ چھوڑتا ہوں طبیعت روزہ چھوڑنے کو نہیں چاہتی کہ یہ مبارک دن ہیں اور اللہ تعالیٰ کے فضل و رحمت کے نزول کے دن ہیں"

پھر فرماتے ہیں:۔

"رمضان کا مہینہ مبارک مہینہ ہے۔ دعاؤں کا مہینہ ہے"

اللہ تعالیٰ ہمیں رمضان کی برکات سے صحیح طور پر متمتع ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(شمس الحق)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پروگرام دسواں جلسہ سالانہ مغربی جرمنی

22-23 احسان 1364 ھش بروز ھفتہ - اتوار
جون 1985ء

بمقام :- Groß - Gerau مشن

## اجلاس اول

22 ر احسان (جون) بروز ھفتہ

| وقت | پروگرام |
|---|---|
| 14-00 تا 14-30 | تلاوت قرآن کریم و نظم |
| 14-30 — 14-45 | سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کا پیغام (مکرم مشنری انچارج صاحب پڑھ کر سنائیں گے) |
| 14-45 — 14-55 | افتتاحی خطاب و دعا — مکرم امیر صاحب |
| 14-55 — 15-25 | تقریر مکرم مصطفیٰ ثابت صاحب — سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم (داعی الی اللہ) (عربی - انگریزی) |
| 15-25 — 15-40 | تقریر مکرم صلاح الدین جمیل صاحب — Der Wunsch nach Wissen ist die Pflicht eines jeden Muslim or Mann oder Frau "طلبُ العلمِ فریضۃٌ علیٰ کلِ مسلمٍ ومسلمۃٍ" (جرمن) |
| 15-40 — 15-50 | نظم |
| 15-50 — 16-05 | تقریر مکرم چوہدری مقصود احمد صاحب — برکاتِ خلافت (اُردو) |
| 16-05 — 16-25 | تقریر مکرم مولانا لئیق احمد منیر صاحب — موجودہ دورِ ابتلاء اور ھماری ذمہ داریاں (اُردو - جرمن) |
| 16-25 — 16-35 | نظم |
| 16-35 — 16-50 | تقریر مکرم مبارک احمد ناصر صاحب — میرے تبلیغی تجربات (اردو - جرمن) |
| 16-50 — 17-10 | تقریر مکرم مولانا عبد الباسط طارق صاحب — ھستی باری تعالیٰ (اُردو - جرمن) |
| 17-10 — 18-10 | وقفہ برائے چائے |
| 18-10 — 19-30 | جرمن و عرب میٹنگز |

## اجلاس دوم

23 ر احسان (جون) بروز اتوار

| وقت | پروگرام |
|---|---|
| 10-00 — 10-15 | تلاوت و نظم |
| 10-15 — 10-30 | تقریر مکرم عرفان احمد صاحب (آخن) — حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم |
| 10-30 — 10-45 | تقریر مکرم فلاح الدین خان صاحب — "اے مرے اھل وفا سست کبھی گام نہ ہو" (اردو) (اردو - جرمن) |
| 10-45 — 10-55 | نظم (عربی قصیدہ) |
| 10-55 — 11-10 | تقریر مکرم حسین احمد مصطفیٰ صاحب — غلبۂ اسلام بر ادیانِ عالم (عربی - جرمن) |
| 11-10 — 11-30 | تقریر مکرم مولانا بشارت محمود صاحب — "ہر طرف آواز دینا ہے ھمارا کام آج" (اردو - جرمن) |
| 11-30 — 12-15 | وقفہ برائے اعلانات و چائے |

[جاری]

## اجلاس سوم

| | | |
|---|---|---|
| 12-15 — 12-35 | تلاوت و نظم | |
| 12-35 — 12-50 | تقریر مکرم ہدایت اللہ ہبش صاحب | Propheзeiungen über den Verheißene Messias und Mahdi. حضرت امام مہدی ؑ کی آمد کی پیشگوئیاں (جرمن) |
| 12-50 — 13-20 | تقریر مکرم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب (امیر جماعت احمدیہ مغربی جرمنی) | Heutige zustand der Ahmdies in der BRD. "جرمنی میں احمدیت" (جرمن) |
| 13-20 — 13-30 | نظم | |
| 13-30 — 14-00 | تقریر مہمانِ خصوصی | حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور کسر صلیب (اردو - انگریزی) |
| 14-00 — 14-30 | تقریر مکرم ملک منصور احمد صاحب عمر (مشنری انچارج مغربی جرمنی) | جماعت احمدیہ کی صد سالہ جوبلی (اردو - جرمن) |

(اختتامی دعا)

## پروگرام زنانہ جلسہ گاہ

23 احسان (جون) بروز اتوار

| | | |
|---|---|---|
| 10-00 — 10-11 | تلاوت قرآن کریم و نظم | محترمہ زاہدہ جاوید صاحبہ |
| 10-11 — 10-23 | احمدی خواتین اور فریضۂ تبلیغ | محترمہ کوثر شاہین ملک صاحبہ |
| 10-23 — 10-35 | "عبادت" (جرمن) | محترمہ ناصرہ سلطانہ احمد صاحبہ |
| 10-35 — 10-47 | Die Notwendigkeit des Khilafat in Islam (اسلام میں خلافت کی ضرورت) | محترمہ مالس مجید صاحبہ |
| 10-47 — 10-52 | نظم | محترمہ باصرہ باجوہ صاحبہ |
| 10-52 — 11-04 | اسلامی پردہ عفت کا نشان ہے | محترمہ امۃ السمیع راشدہ ملک صاحبہ |
| 11-04 — 11-16 | اسلام کی نشأۃ ثانیہ میں عورتوں کی قربانیاں | محترمہ امۃ الشافی صاحبہ |
| 11-16 — 11-28 | Ahmadi-Muslime in Deutchland Möglischkeiten und Schwierigkeiten | محترمہ ربیعہ یالنس صاحبہ |
| 11-28 — 11-40 | موجودہ دور کے تقاضے | محترمہ منور ناصرہ واگز ہاؤزر صاحبہ (نیشنل صدر لجنہ اماء اللہ مغربی جرمنی) |

(دعا)

نوٹ:- امسال انشاءاللہ العزیز ہر تقریر کے بعد اردو تقاریر کا ترجمہ جرمن زبان میں نیز جرمن تقاریر کا ترجمہ اُردو زبان میں سنایا جائیگا۔

:- برموقع جلسہ سالانہ ایک نمائش کا اہتمام بھی کیا جا رہا ہے۔ لجنات سے درخواست ہے کہ وہ اس کیلئے جلد از جلد اشیاء بھجوائیں۔ نیز جلسہ کے بعد نمائش دیکھ کر جائیں۔

:- بہنوں سے درخواست ہے کہ اِس مذہبی و روحانی اجتماع کے تمام فیوض و برکات سے حصہ لینے کیلئے جلسہ کی کاروائی انتہائی خاموشی اور توجہ سے سُنیں۔ صفائی کا خاص خیال رکھیں اور کارکنات سے پورا تعاون کریں۔

(نیشنل صدر لجنہ اماء اللہ مغربی جرمنی)

# مشن ہاؤس GROB GERAU

احباب جماعت یہ خوشخبری سُن چکے ہیں کہ فرانکفرٹ سے 25 کلومیٹر کے فاصلہ پر GROB GERAU کے قریب حضرت امیرالمومنین کی پسند کے مطابق 24000 مربع میٹر (8ء1 ایکڑ) جگہ جماعت کیلئے خریدی گئی ہے۔ مکرم امیر صاحب مغربی جرمنی نے اس جگہ کی ڈیویلپمنٹ کی ذمہ داری فرانکفرٹ جماعت کے سپرد کی ہے اس غرض کیلئے ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ یہ کمیٹی فرانکفرٹ حلقہ جات کے صدر صاحبان اور مستعد کارکنوں پر مشتمل ہے۔ اس کمیٹی نے کام شروع کر دیا ہے۔ احباب جماعت مغربی جرمنی اور خاص طور پر فرانکفرٹ کے احباب سے درخواست ہے کہ چونکہ جلسہ سالانہ سے قبل اس کام کو کسی حد تک تکمیل تک پہنچانا مقصود ہے اسلئے ہر ممکن تعاون فرما کر زیادہ سے زیادہ وقت دیں۔ آپ کے تعاون کی مندرجہ ذیل صورتیں ہو سکتی ہیں۔

1:- ہر ہفتہ اور اتوار کے روز ایک بجے دوپہر سے 6 بجے شام باقاعدہ وقار عمل ہوا کرے گا۔ دوسرے دنوں میں بھی دوست آ سکتے ہیں جن کیلئے کام نوٹس بورڈ پر لکھ کر لگا دیا جائیگا۔

2:- وقفِ ایام کے تحت آپ کچھ دن وہاں گذاریں۔ جس میں رضاکارانہ جذبہ کارفرما ہو۔ رہائش کا انتظام کیا جائیگا البتہ اپنا بستر ضرور ہمراہ لائیں۔

3:- جو دوست سبزیاں یا پھول لگانے کا شوق رکھتے ہوں اُن کو پلاٹ الاٹ کئے جائیں گے وہ اس شعبہ میں کام کر کے اپنے شوق کے ساتھ ساتھ جماعت کی خدمت بھی کر سکتے ہیں۔

4:- چونکہ اس جگہ رہائش کی کچھ کمی ہے اس لئے جو دوست اپنی ذاتی WOHN WAGEN وہاں مستقل یا عارضی طور پر کھڑی کرنا چاہیں تاکہ اس میں جب بھی وہ آئیں رہ سکیں۔ اسکی اجازت ہوگی۔

5:- مختلف مواقع پر سٹال لگانے کی بھی اجازت ہوگی۔

6:- کوئی بھی تعمیری شوق جو جماعت اور آپ کیلئے مفید ہو اُسکی حوصلہ افزائی کی جائیگی۔

7:- غیر معمولی خدمت کرنے یا کسی بھی اچھی تجویز پر دوستوں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

مزید معلومات اور رابطہ کیلئے درج ذیل احباب کی خدمات حاصل کی جائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| (i) صدر کمیٹی | چوہدری محمد شریف خالد صاحب فون نمبر | 06074-26246 |
| (ii) سیکرٹری کمیٹی | امجد احمد صاحب " | 069-681757 |
| (iii) نائب صدر کمیٹی | مبشر احمد صاحب باجوہ " | 069-683576 |

(iv) صدران حلقہ جات فرانکفرٹ

8:- عیدین۔ جلسہ سالانہ اور ذیلی تنظیموں کے اجتماعات اب Groß-Gerau میں ہی ہوا کریں گے۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

# تعزیت

- نہایت افسوس سے لکھا جاتا ہے کہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ایک بزرگ صحابی اور جماعت کے بے لوث اور ممتاز خادم حضرت صوفی غلام محمد صاحبؓ 23 اپریل کو ربوہ میں انتقال فرماگئے ۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ۔ مرحوم کی عمر 85 سال تھی ۔ آپ نہایت دعاگو ۔ بے نفس اور بے لوث خدمت کرنیوالے بزرگ تھے ۔ مرحوم کو اللہ تعالیٰ نے ایک لمبے عرصہ تک مختلف حیثیتوں سے خدمت دین کی توفیق عطاء فرمائی ۔ بوقت وفات آپؓ ناظر اعلیٰ ثانی اور ناظر بیت المال خرچ صدر انجمن احمدیہ کے اہم عہدوں پر فائز تھے ۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور سلسلہ عالیہ احمدیہ کو ہمیشہ ایسے پارسا اور بے نفس وجود خدمت کیلئے ملتے رہیں ۔ آمین ۔
- مکرم منظور احمد صاحب شاہد صدر جماعت احمدیہ Lübbecke کی والدہ ماجدہ 22 مارچ کو بہاولنگر پاکستان میں بقضائے الٰہی وفات پاگئی ہیں ۔ اناللہ وانا الیہ راجعون ۔ مرحومہ نہایت مخلص ، دیندار اور دعاگو تھیں ۔ احباب جماعت سے درخواست ہے کہ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے ۔ آمین
- مکرم فلاح الدین خانصاحب نیشنل قائد مجلس خدام الاحمدیہ مغربی جرمنی کے والد مکرم شمس الدین خانصاحب گذشتہ دنوں سیالکوٹ پاکستان میں وفات پاگئے اناللہ وانا الیہ راجعون ۔ مرحوم موصی تھے اور بہشتی مقبرہ ربوہ میں دفن ہوئے ۔ احباب دعا کریں کہ خدا تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے ۔ آمین ۔
- مکرم منیر احمد اختر صاحب جنرل سیکرٹری جماعت احمدیہ KÖLN کی والدہ صاحبہ گذشتہ دنوں مغربی جرمنی میں انتقال فرما گئیں اناللہ وانا الیہ راجعون ۔ احباب سے انکے درجات کی بلندی اور مغفرت کیلئے دعا کی درخواست ہے ۔
- مکرم حمید الدین ناصر صاحب کی والدہ محترمہ عزیزہ بیگم صاحبہ اہلیہ عمر دین صاحب مرحوم 12 اپریل کو راولپنڈی پاکستان میں وفات پاگئیں اناللہ وانا الیہ راجعون ۔ مرحومہ نہایت دعاگو اور سلسلہ کے ساتھ گہری محبت رکھتی تھیں ۔ احباب جماعت سے ان کے درجات کی بلندی اور مغفرت کیلئے دعا کی درخواست ہے ۔

# ولادت باسعادت

- مکرم انعام الٰہی اشعر صاحب سیکرٹری اشاعت (سمعی و بصری) جماعت احمدیہ مغربی جرمنی کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے دوسرا فرزند عطا فرمایا ہے ۔ حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ نے از راہِ شفقت نومولود کا نام "احسان احمد اشعر" تجویز فرمایا ہے ۔
- برادرم عزیزم وسیم احمد صاحب آف روڈل ہائم کو مؤرخہ 14 مئی بروز منگل خدا تعالیٰ نے اپنے فضل سے پہلا بیٹا عطا فرمایا ہے ۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے از راہِ شفقت نومولود کا نام "حسنات احمد" تجویز فرمایا ہے ۔
- مکرم کلیم احمد صاحب (Beverungen) کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے پہلا بیٹا عطا فرمایا ہے ۔ حضور اقدس ایدہ اللہ نے نومولود کا نام "خالد" تجویز فرمایا ہے ۔

اللہ تعالیٰ ان سب کو صحت و سلامتی سے نوازتے ہوئے نیک اور خادمِ دین بنائے ۔ آمین ۔

# نیت روزہ

وَبِصَوْمِ غَدًا نَوَيْتُ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ

میں کل رمضان کے روزہ کی نیت کرتا ہوں۔

# روزہ کھولنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ

اے اللہ تعالیٰ تیرے ہی لئے میں نے روزہ رکھا اور میں تجھ پر ایمان لایا اور تیرے ہی رزق سے افطار کرتا ہوں۔

# یومِ خلافت

۲۷ مئی کا دن جماعت کی تاریخ میں 'یوم خلافت' کے طور پر منایا جاتا ہے۔ اس کی مناسبت سے جماعتیں جلسے منعقد کریں اور اُنکی رپورٹ سیکرٹری تعلیم و تربیت کے نام مشن میں ارسال فرمائیں۔

# ۲۹ رمضان المبارک کی دعائیہ فہرست

مجاہدین تحریک جدید سے درخواست ہے کہ وہ اپنے موعود چندہ تحریک جدید کی ادائیگی ۲۹ رمضان المبارک سے قبل صد فیصد فرما کر اپنے محبوب امام ایدہ اللہ کی دعاؤں سے بہرہ ور ہوں۔

(سیکرٹری تحریک جدید)

# اعلانات

★ صدر صاحبان سے گذارش ہے کہ ہر ماہ باقاعدگی سے اور بروقت اپنی جماعت کی رپورٹ کارگزاری مشن میں ارسال فرمایا کریں۔

(جنرل سیکرٹری جماعت احمدیہ مغربی جرمنی)

★ جملہ قائدین مجالس خدام الاحمدیہ کی خدمت میں التماس ہے کہ ہر ماہ کی دس تاریخ تک گذشتہ ماہ کی رپورٹ مساعی نیشنل قیادت کو ارسال فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

(نیشنل معتمد مجلس خدام الاحمدیہ مغربی جرمنی)

★ کسی دوست نے ایک تُرک Ceylam Haseyin کا پتہ دیا تھا۔ یہ پتہ گم ہوگیا ہے یہ دوست ازراہِ کرم پتہ سے آگاہ فرمائیں۔

(امیر جماعت احمدیہ مغربی جرمنی)

★ ملک سمیع محمد صاحب (Schermbeck) کو گذشتہ دنوں اپنے اپارٹمنٹ کی دوسری منزل سے نیچے گر جانے کی وجہ سے اندرونی چوٹیں آئی ہیں۔ احباب سے اُنکی شفا یابی کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

# اوقات سحر و افطار (فرنکفرٹ) رمضان المبارک

## (1405 ھجری قمری - 1364 ھش - 1985ء)

| (مئی) | (رمضان) | (سحر) | (افطار) |
|---|---|---|---|
| 21. | 01. | 4.02 | 21.12 |
| 22. | 02. | 4.00 | 21.14 |
| 23. | 03. | 3.59 | 21.15 |
| 24. | 04. | 3.58 | 21.16 |
| 25. | 05. | 3.57 | 21.17 |
| 26. | 06. | 3.56 | 21.18 |
| 27. | 07. | 3.55 | 21.20 |
| 28. | 08. | 3.54 | 21.21 |
| 29. | 09. | 3.53 | 21.22 |
| 30. | 10. | 3,53 | 21.23 |
| 31. | 11. | 3.52 | 21.24 |
| (جون) | | | |
| 01. | 12. | 3.51 | 21.25 |
| 02. | 13. | 3.50 | 21.26 |
| 03. | 14. | 3.50 | 21.27 |
| 04. | 15. | 3.49 | 21.28 |
| 05. | 16. | 3.48 | 21.29 |
| 06. | 17. | 3.48 | 21.30 |
| 07. | 18. | 3.47 | 21.31 |
| 08. | 19. | 3.47 | 21.31 |
| 09. | 20. | 3.46 | 21.32 |
| 10. | 21. | 3.46 | 21.33 |
| 11. | 22. | 3.46 | 21.34 |
| 12. | 23. | 3.46 | 21.34 |
| 13. | 24. | 3.45 | 21.35 |
| 14. | 25. | 3.45 | 21.35 |
| 15. | 26. | 3.45 | 21.36 |
| 16. | 27. | 3.45 | 21.36 |
| 17. | 28. | 3.45 | 21.37 |
| 18. | 29. | 3.45 | 21.37 |
| 19. | 30. | 3.45 | 21.37 |

### مختلف شہروں میں اوقات کا فرق

| | | |
|---|---|---|
| AACHEN | +11 | منٹ |
| AUGSBURG | -09 | """"" |
| BADEN BADEN | +02 | """"" |
| BERLIN | -19 | """"" |
| BIELEFELD | +01 | """"" |
| BOCHUM | +06 | """"" |
| BONN | +07 | """"" |
| BREMEN | 00 | """"" |
| DARMSTADT | 00 | """"" |
| DORTMUND | +05 | """"" |
| DÜSSELDORF | +08 | """"" |
| FREIBURG | +04 | """"" |
| HAMBURG | -05 | """"" |
| HANNOVER | -04 | """"" |
| HEIDELBERG | 00 | """"" |
| KAISERSLAUTERN | +04 | """"" |
| KARLSRUHE | +01 | """"" |
| KASSEL | -03 | """"" |
| KIEL | -06 | """"" |
| KOBLENZ | +05 | """"" |
| KÖLN | +07 | """"" |
| MAINZ | +02 | """"" |
| MANNHEIM | +01 | """"" |
| MÜNCHEN | -11 | """"" |
| NÜRNBERG | -09 | """"" |
| SAARBRUCKEN | +07 | """"" |
| STUTTGART | -02 | """"" |
| WORM | +02 | """"" |
| MÜNSTER | +05 | """"" |
| WÜRZBURG | -05 | """"" |

19 یا 20 جون کو عید الفطر کی نماز ان مراکز میں ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

(1) (فرنکفرٹ کیلئے) Frankfurter Str. 136, Groß-Gerau. (Tel 06152-81777)

(2) ھمبرگ Fazale Omar Moschee, Wiek Str. 24, 2000 Hamburg 54. (Tel 040-405560)

(3) کولن Baitun Nasr, Eichhorn Str. 2-4, 5000 Köln 60 (Tel 0221-713307)

(4) میونخ Zipplen Str. 19b, 8046 Garching/Hochbrücke (bei München) (Tel. 08137-5676)

صدقۃ الفطر 5 مارک فی کس ہے۔